OFFICE OF THE
All Assam Tanzim Madaris-E-Qawmiya
(Branch : Rabeta-e-Madaris-e Islamia Arabia Darul Uloom Deoband)
P.O. Nilbagan - 782445, Dist- Hojai , Assam (India)
Regd. : RS/NG/254/108
ESTD. : 1374 Hizri, 1955
Website : allassamtanzimmadarisqaumiya.org

دفتر : الِ اسَام تَنظِیم مَدَارِس قومِیَہ
(شاخ: رابطۂ مدارس اسلامیہ عربیہ، دارالعلوم دیوبند)
نیل باگان، نوگاؤں، آسام، الہند

কাৰ্যালয় ☎ : (03674) 262448
সদৌ অসম তন্‌জিম মাদাৰিছে কৌমীয়া
(শাখা ঃ ৰাবেতায়ে মাদাৰিছে ইছলামীয়া আৰবীয়া দাৰুল উলুম দেওবন্দ)
পোঃ নীলবাগান- ৭৮২৪৪৫, জিলাঃহোজাইঃ অসম ঃ ভাৰত
স্থাপিত ঃ ১৩৭৪ হিজৰী, ১৯৫৫ ইং
Email : aatmqassam@gmail.com

Ref. ....   Date..........................

السلام علیکم و رحمة الله و بر کاته

گرامی قدر حضرت مہتمم صاحب / صدر المدرسین صاحب

مجھے یہ اطلاع دیتے ہوئے مسرت ہورہی کہ سالہائے گزشتہ کیطرح ہر تین سال بعد جو کل ھند مسابقہ ہوتا ہے، بحمد اللہ امسال بھی مارچ ۲۰۱۸ء کے اوائل میں کل ھند فائنل مسابقہ جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا میں ہونا طے پایا، مگر اس سے پہلے ریاست گیر سطح پر ماہ جنوری و فروری ۲۰۱۸ء میں ہر ریاست میں منعقد ہوگا، چنانچہ ریاست آسام کا فائنل مسابقہ مورخہ ۱۱/و۱۲/ فروری ۲۰۱۸ء ہونا طے پایا ہے، جس میں اکل کوا کی پوری ٹیم شریک کار رہیگی۔

ریاستی فائنل مسابقہ سے پہلے علاقائی مسابقہ ہونا ہے جو فروری کے پہلے ہفتہ تک مکمل ہونا ہے۔ دو تین ماہ قبل آپکو اسلئے اطلاع دی جارہی کہ آپ اپنے مدرسہ میں جملہ طلباء کو ہر فرع میں تیاری کروائیں، پھر پورے مدرسہ کی سطح پر آپ داخلی مسابقہ کروائیں اور منتخب بچوں کی لسٹ منسلکہ ھدایات کے مطابق ضروری وثائق کیساتھ دفتر تنظیم کو ارسال کرادیں۔

اس بات کا خیال رکھنا بے حد ضروری ہوگا کہ تعلیم ذرہ برابر بھی متاثر نہ ہونے پائے، اسباق بند نہ کرائے جائیں بلکہ اپنے جملہ نظام الاوقات کی پابندی کرتے ہوئے مسابقہ کی تیاری کروائیں۔ اور ششماہی امتحان ۱۰/ربیع الثانی ۱۴۳۹ھ مطابق ۲۹/دسمبر ۲۰۱۷ء تک ختم ہوجانا چاہئے۔

آپ جیسے مخلص اور علم پرور شخصیت سے امید ہی نہیں بلکہ مکمل یقین ہے کہ جملہ ھدایات کی پابندی کرتے ہوئے مسابقہ کی تیاری اور تکمیل میں بھرپور تعاون فرمائیں گے، نوازش ہوگی۔

فقط والسلام

(مولانا) عبدالقادر القاسمی

ناظم عمومی، آل آسام تنظیم مدارس قومیہ، نیل بگان ہوجائی، آسام

مورخہ: ۸/نومبر ۲۰۱۷ء